3938 ـ شراب نوش کی جانب سے شادی کا پیغام

سوال

کیا تقریبات میں شراب نوشی کرنے والے مسلمان شخص سے شادی کرنے پر رضامندی گناہ ہے ؟
میں شراب سے شدید نفرت کرتی ہوں اورمیرے خیال میں شراب ہر کبیرہ گناہ کی جڑ ہے ، لیکن مجھے ایک شراب نوشی کرنے والے شخص نے شادی کا پیغام دیا ہے میں اس معاملہ میں تردد کا شکار ہوں اورآپ سے نصیحت کی درخواست ہے ، اللہ تعالی آپ کوجزائے خیر عطا فرمائے ۔

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

الحمدللہ

شیخ عبداللہ بن قعود نے ہمیں اس کا جواب دیتے ہوئے کہا :

افضل اوربہتر تویہ ہے کہ آپ اس سے شادی نہ کریں ، لیکن اگر اس سے شادی کرلی تو یہ جائز ہوگا ۔ .